سوال

کیا مسلمان کیلئے یہ جائز ہے کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح سرائی کرتے ہوئے یہ کہہ دے کہ اے اللہ تعالی کی سب سے پہلی مخلوق ؟ ۔

جواب

الحمد للہ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم مخلوقات میں سب سے افضل اور رتبہ کے اعتبار سے بھی سب سے اعلی وارفع ہیں لیکن وہ مخلوقات میں سے سب سے پہلے نہیں ، بلکہ اللہ تعالی جو چیز سب سے پہلے پیدا فرمائی وہ عرش ہے ، نہ تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور نہ ہی آدم علیہ السلام ۔

اور جو یہ روایت پیش کی جاتی ہے کہ ، اللہ تعالی نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو نور سے پیدا کیا اور ان کا نام اپنے نام کے ساتھ ملایا ، اور جب آدم علیہ السلام کو پیدا کیا اور اس میں روح ڈالی گئ تو انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا نام عرش کے پاس لکھا ہوا دیکھا ۔

تو ان روایات میں سے کوئ بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم ثابت نہیں اور نہ ہی کوئ صحیح ہے ۔

واللہ تعالی اعلم ۔ .

اسلام سوال وجواب

فتوی نمبر : 11452